11.10.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... کلیم احمد

Music

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے چنئی میٹرو ریل پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے میں **Poonamallee-Vadapalani** ریل پٹی کا افتتاح کیا۔

☆ وزیرِ اعظم آج ہی چنئی میں 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کرنے والے ہیں۔

☆ بھارت نے سعودی عرب میں ریاض کے ہوائی اڈے پر بار بار حملے ہونے کی مذمت کی ہے اور جان و مال کے نقصان پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

☆ دلّی میں خصوصی ایگزیکیٹیو مجسٹریٹ کی عدالت نے **CJP** کے انچیت دیپکے، آشوتوش **Ranka** اور سورو داس کو رہا کردیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ پُرامن طریقے سے اکٹھا ہونے والے لوگوں کی غیرقانونی حراست کی روک تھام کی جائے اور لوگوں کی آزادانہ نقل و حرکت کو یقینی بنایا جائے۔

☆ نیپال کے گورکھا ضلع میں کئی مکانوں کے پانی میں بہہ جانے کے بعد بوڑھی گنڈکی دریا کے علاقے میں لوگوں کو منتقل کئے جانے کے تعلق سے وارننگ جاری کی گئی ہے۔

☆ اور بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ آج شام اندور میں کھیلا جائے گا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

PM Chennai Visit Early

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج چنئی میں 13 ہزار کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے والے ہیں۔ وزیرِ اعظم نے چنئی میں **Porur** میں تقریب کے مقام تک جاتے ہوئے روڈ شو کیا۔ جناب مودی نے **Porur** سے **Poonamallee** تک میٹرو ریل سروس کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ وزیرِ اعظم نے تمل ناڈو کے وزیرِ اعلیٰ جوزف وِجے کے ہمراہ میٹرو ریل میں سفر کیا۔

ساڑھے چودہ کلومیٹر کی میٹرو ریل سروس میں تین اعشاریہ سات کلومیٹر کا ایک منفرد ڈبل ڈیکر اسٹرکچر ہے اور اِس میں ٹرین کو بغیر ڈرائیور کے چلانے میں مدد کیلئے جدید طرز کا سگنل نظام نصب ہے۔

وزیرِ اعظم 750 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ریل بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کو بھی وقف کریں گے اور افتتاح کریں گے۔ اِن میں پانچ امرت اسٹیشن بھی شامل ہیں۔ امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت اِن کی تزئین کاری کی گئی ہے۔

جناب مودی IIT مدراس کیمپس کیلئے روانہ ہوں گے، جہاں وہ سُدھا گوپال کرشنن Brain سینٹر وقف کریں گے اور Jalakandeshwarar Siva مندر میں درشن اور پوجا ارچنا کریں گے۔x

India Riyadh Attack

بھارت نے پچھلے کچھ دنوں میں سعودی عرب میں ریاض کے شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر بار بار حملے کئے جانے کی سخت مذمت کی ہے۔ اِن میں کل کا شدید حملہ بھی شامل ہے، جس میں کئی لوگ ہلاک اور زخمی ہوئے اور املاک کو بھی نقصان پہنچا۔

ایک بیان میں وزارتِ خارجہ نے مرنے والوں کے کنبوں سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعاء کی ہے۔

بھارت نے کہا ہے کہ عام شہریوں اور سویلین بنیادی ڈھانچے پر بار بار حملے پوری طرح ناقابلِ قبول ہیں اور یہ سلسلہ بلاتاخیر روکا جانا چاہیئے۔

بھارت نے کہا ہے کہ وہ سعودی عرب کے عوام اور وہاں کی سرکار کے اقتدارِ اعلیٰ کے دفاع میں اُن کے ساتھ یگانگت کا اظہار کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ خطے میں امن اور معمول کے حالات جلد بحال ہوں گے۔x

Trump Riyadh Airport

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ یمن کے حوثی باغیوں کے خلاف سعودی عرب کے فوجی حملوں میں ممکنہ امریکی شمولیت پر غور کررہے ہیں۔ ریاض کے شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر وحشیانہ حملے کے بعد صدر ٹرمپ کا یہ بیان سامنے آیا ہے۔ اِس حملے میں 12 افراد ہلاک اور 300 سے زیادہ زخمی ہوئے۔

صدر ٹرمپ نے عندیہ دیا ہے کہ امریکہ صورتحال کا جائزہ لے رہا ہے اور فوج کی ممکنہ شمولیت کے بارے میں کوئی فیصلہ کرے گا۔

ایران کی حمایت والے حوثی باغیوں اور یمن میں سعودی عرب کی پشت پناہی والی سرکاری فورسز کے درمیان ٹکراؤ میں تیزی آگئی ہے۔x

UN Riyadh Airport

اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گتریس اور دیگر کئی ممالک نے سعودی عرب کے ریاض میں کنگ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر حوثی حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ اِس حملے میں 12 لوگ ہلاک اور 309 افراد زخمی ہوگئے۔

شہری ہوابازی سے متعلق سعودی عرب کی جنرل اتھارٹی، GACA نے کہا ہے کہ کل ہوئے اِس حملے میں کئی افراد شدید زخمی ہوگئے۔ مرنے والوں میں چار سعودی شہری ہیں، جبکہ بنگلہ دیش، امریکہ، مصر، اُردن، شام، فلسطین اور سوڈان کے

ایک-ایک شہری کی موت ہوئی ہے۔x

CJP Leaders Released

نئی دلّی میں CJP کے ابھجیت دیپکے، آشوتوش Ranka اور سورو داس کو خصوصی ایگزیکیٹو مجسٹریٹ کی عدالت نے آج رہا کردیا۔ اِن تینوں کو کل احتیاطی اقدام کے طور پر گرفتار کیا گیا تھا۔ دلّی پولیس کے مطابق قانونی طریقۂ کار پر عمل کرتے ہوئے، اِن تینوں کو آج صبح دلّی کینٹ میں مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا گیا۔x

Delhi Police Dipke Grandmother

دلّی پولیس نے کہا ہے کہ CJP کے بانی ابھجیت دیپکے کی دادی کے انتقال کے بارے میں اطلاع کل بلاتاخیر اُن تک پہنچا دی گئی تھی۔ پولیس نے کہا ہے کہ انہیں آخری رسوم کے وقت کے بارے میں بھی جانکاری دی گئی اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر انہیں اُن کے آبائی قصبے جانے میں سہولت کیلئے ہر ممکن امداد کی پیشکش بھی کی گئی تھی لیکن انہوں نے اِسے قبول کرنے سے انکار کردیا۔x

Delhi Police Misleading Video

دلّی پولیس نے سوشل میڈیا پر پھر سے سرکولیٹ ہونے والے ایک گمراہ کن ویڈیو کو خارج کردیا ہے، جس میں ایک شخص یہ جھوٹا دعویٰ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے کہ وہ دلّی پولیس کا سب انسپکٹر تھا اور اُس نے احتجاج میں شامل ہونے کیلئے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ ایک بیان میں دلّی پولیس نے یہ وضاحت کی ہے کہ محکمے کے ریکارڈس سے تصدیق کے بعد معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ دعوے میں، جس سب انسپکٹر کے ہونے کا تذکرہ کیا گیا ہے، حقیقت میں ایسا کوئی اہلکار نہیں ہے۔x

SC Protests

سپریم کورٹ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ پُرامن طریقے سے اکٹھا ہونے والے لوگوں کو غیرقانونی طریقے سے حراست میں نہ لیا جائے اور یہ کہ ٹریفک ضابطوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے لوگوں کی آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت ہو۔

عدالتِ عالیہ نے دلّی میں Barricading کے انتظامات پر نظرثانی کیلئے کہا ہے اور مرکز کو ہدایت دی ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائے کہ میٹرو خدمات معمول کے نظام الاوقات کے مطابق کام کریں اور انٹرنیٹ خدمات میں کوئی رکاوٹ نہ پڑے لیکن اِس کا انحصار امن و قانون کی صورتحال کے تقاضے پر ہوگا۔

عدالتِ عالیہ نے ہدایت دی ہے کہ وکیلوں کو اُن کے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی سے نہ روکا جائے۔

ایک اپیل پر مرکز کو نوٹس جاری کرتے ہوئے، سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ وہ سبھی فریقوں کے دلائل کی سماعت کرے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ کسی طرح کی پریشانی پیدا نہ ہو۔ مذکورہ اپیل میں سپریم کورٹ سے اپنی ہدایات کی مبینہ خلاف ورزی کے معاملے پر حکام کے خلاف توہینِ عدالت کی کارروائی شروع کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔x

Nepal Gorkha Flood

نیپال میں Gorkha ضلعے میں آج صبح Budhi Gandaki دریا میں پانی کی سطح میں اچانک ہوئے اضافے کے سبب کئی مکانات بہہ گئے، جس کے بعد حکام نے لوگوں سے آس پاس کے علاقے چھوڑ کر محفوظ علاقوں میں منتقل ہونے کیلئے کہا ہے۔
ابتدائی رپورٹس کے مطابق جگت کے مقام پر پانچ سے سات مکانات بہہ گئے، جبکہ کئی دیگر مکانات کے بھی پانی میں بہہ جانے کا اندیشہ ہے۔ اب تک کسی بھی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔×

Nepal Floods Impact

نیپال میں سیلاب کے بعد بہار کے سرحدی ضلعے مغربی چمپارن میں چوکسی برتی جارہی ہے۔
ضلع مجسٹریٹ ترنجوت سنگھ نے بتایا کہ ضلعے کے گنڈک دریا میں پانی کی سطح میں اضافے کی توقع نہیں ہے۔
تاہم احتیاطی اقدام کے طور پر نشیبی علاقوں میں الرٹ جاری کردیا گیا ہے۔

SB: DM Tranjot Singh

ضلع مجسٹریٹ کے مطابق نیپال کے کالی کولا میں پانی کی سطح میں صرف 50 سینٹی میٹر کا اضافہ ہوا ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ نیپال کے کالی کولا میں پانی کی سطح میں کمی آنی شروع ہوگئی ہے۔×

Navratri

دیوی دُرگا کی آرادھنا کا نو روزہ فیسٹیول نو راتری آج مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ شروع ہوگیا ہے۔ نوراتری کے دوران دیوی دُرگا کی 9 مختلف اوتار میں پوجا اَرچنا کی جاتی ہے۔ پہلے دن دیوی دُرگا کی Maa Shailputri کے طور پر پوجا ارچنا کی جاتی ہے۔
نائب صدرِ جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے نوراتری کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔×

PM Maharaja Agrasen

وزیراعظم نریندر مودی نے آج مہاراجہ اگرسین کو اُن کے یومِ پیدائش کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ مہاراجہ اگرسین سماجی خدمات، سماجی ہم آہنگی کے علمبردار تھے، جن کی زندگی اور نظریات سماج کو انسانیت کا پیغام دیتے رہیں گے۔ وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ اُن کے عظیم نظریات سے ملک کے ثقافتی عروج کی ترغیب ملتی رہے گی۔×

Guj Local Body Polls

گجرات میں Thara اور اوکھا میونسپلٹیوں کے ساتھ ساتھ گاندھی نگر میونسپل کارپوریشن سمیت بلدیاتی اداروں کے انتخابات کیلئے پولنگ پُرامن طور پر جاری ہے۔ ووٹنگ آج صبح سات بجے شروع ہوئی اور شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔

میونسپل چناؤ کے ساتھ ساتھ Kheralu، چھوٹا اُودئے پور اور Bayad میونسپلٹیوں کی خالی سیٹوں کیلئے ضمنی چناؤ بھی ہورہا ہے۔ اِس کے علاوہ، دیو بھومی دُوارکا ضلع پنچایت اور Padadhari تعلقہ پنچایت کی سیٹوں کیلئے بھی ضمنی چناؤ میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے کیرالہ، ماہے، لکشدیپ، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ منگل تک جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر آندھرا پردیش، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، اڈیشہ اور مغربی راجستھان میں بھی آج اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔x

Cricket 3rd T20I Ind WI

بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ آج اندور کے Holkar اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ پانچ میچوں کی سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک-ایک میچ جیت کر برابری پر ہیں۔
جمعے کو رانچی میں کھیلے گئے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں ویسٹ انڈیز نے بھارت کو چھ وکٹ سے ہرایا تھا۔x

☆☆☆☆☆